# جدی

## د غلامی (بالغان) کا شکار
## ہونے کے طور پر مدد حاصل کرنا

WEST YORKSHIRE POLICE

ویسٹ یارک
شائر اینٹی
غلامی نیٹ
ورک


# نیشنل ریفرل میکانزم (این آر ایم)

نیشنل ریفرل میکانزم (این آر ایم) جدید غلامی سے ممکنہ طور پر بچ جانے والونکی شناخت کرنے اور ریفر کرنے اور اس بات کو یقینی بنانیکا نظام ہے تاکہ آپکو مناسب مدد ملے۔

اگر آپ چاہتے ہیں کہ برطانیہ کی حکومت آپ کو جدید غلامی کا شکار ہونے کے طور پر تسلیم کرے، تو آپ ان سے درخواست کر سکتے ہیں کہ وہ آپ کے دعوے پر غور کریں، پہلے جواب دہندہ سے کہیں کہ ایک این آر ایم ریفرل [حوالہ] بھیجے۔ ہوم آفس میں تربیت یافتہ فیصلہ ساز آپکے دعوے پر غور کرتے ہیں، یہ طے کرنیکے لیئے کہ آیا انھیں یقین ہے کہ آپ جدید غلامی کا شکار ہیں۔ فیصلہ ساز پہلے یہ طے کریں گے کہ آیا ایسی 'معقول بنیادیں' موجود ہیں کہ آپ پر شک کیا جاوے کہ آپ جدید غلامی کا شکار ہیں۔ ان کا ہدف ہے کہ یہ پہلا فیصلہ 5 دنوں کے اندر کرنا ہے، اور اگر آپ بے سہارا ہیں تو اس دوران آپ ہنگامی رہائش کے حقدار ہیں۔ اگر آپ کو فیصلہ 'مثبت معقول بنیادوں پر مبنی' موصول ہووے، تو آپ یو کے حکومت کی طرف سے ایک خاص درجے کی حمایت کے حقدار ہیں۔ آپکا دعوہ زیر غور ہونے کے دوران آپ کو برطانیہ سے نہیں نکالا جا سکتا۔ آپ کم از کم 45 دن آرام اور عکاسی کی مدت کے حقدار ہیں - کچھ لوگوں کے لیے یہ مدت طویل ہو سکتی ہے۔ اس وقت کے دوران، یو کے گورنمنٹ آپکے بارے مزید معلومات جمع کریگی اور ایک حتمی فیصلہ دے گی (ایک 'کنکلوسیو گراؤنڈز' فیصلہ)

کہ آیا وہ مانتے ہیں کہ آپ جدید غلامی کا شکار ہیں۔
اگر آپ کو 'مثبت کنکلوسیو وجوہات' پر مبنی فیصلہ موصول ہوتا ہے اس بات کی تصدیق کرنے کے لیے کہ یو کے گورنمنٹ کو یقین ہے کہ آپ جدید غلامی کا شکا ہیں، تو آپ ریکور ہونے کے لیے اضافی مدد کے حقدار ہو سکتے ہیں۔

اگر فی الحال آپ یہ فیصلہ کرنے کیلئے تیار نہیں، تو آپ مستقبل میں ایک ریفرل کیلئے کہ سکتے ہیں۔ اگر آپکو بدسلوکی کا خطرہ ہے یا آپکی دیکھ بھال اور مدد کی ضروریات ہیں، تو آپ کیئر ایکٹ (2014) کے تحت اپنی لوکل اتھارٹی سے مدد کے حقدار ہو سکتے ہیں۔




یوکے میں جدید غلامی کو سنگین جرم سمجھا جاتا ہے۔ اسکی کئی شکلیں ہو سکتی ہیں تاہم، اس میں جنسی استحصال، جبری مشقت، مجرمانہ استحصال، گھریلو غلامی، اعضاء کا کاٹنا اور انسانی اسمگلنگ شامل ہو سکتے ہیں۔

انسانی اسمگلنگ ایک شخص کو بھرتی کرنا، نقل و حرکت یا وصول کرنا ہے جسے دھوکے یا زبردستی سے استحصال کی صورت حال میں لایا جاتا ہے۔ ہو سکتا ہے آپ کو بتایا گیا تھا کہ آپ قانونی طور پر کام کرنے کے لیئے برطانیہ آ رہے تھے لیکن یہاں پہنچنے پر، آپ کے انکار کرنے پر آپکو دھمکیاں دیکر کام کرنے پر مجبور کیا گیا ہے۔



# اگر آپ این آر ایم میں ریفر کیئے جانا چاہتے ہیں...

آپ کا پہلا جواب دہندہ آپ کے ساتھ ایک این آر ایم ریفرل مکمل کرے گا۔ پہلا جواب دہندہ کچھ تنظیموں کے اندر ایک ایسا ماہر ہوتا ہے جسے NRM میں ریفرل بنانے کی تربیت دی جاتی ہے، جیسے:



لوکل اتھارٹیز



اسپیشلسٹ خیراتی ادارے


سال-ویشن آرمی



پولیس

اگر آپ ایک بالغ شخص ہیں (18 سال سے اوپر) تو آپ کو این آر ایم میں بھیجے جانے کے لیے اجازت دینی پڑے گی۔ این آر ایم ریفرل کی اجازت دیتے ہوئے آپنے یہ اجازت بھی دی ہے کہ آپکی معلومات دوسری متعلقہ اتھارٹیز کے ساتھ شیئر ہونگی، مثلا" ہوم آفس کے محکمے اور پولیس۔ آپ کو پولیس کو رپورٹ کرنے کی ضرورت نہیں ہے، لیکن ہو سکتا ہے وہ آپ سے رابطہ کریں اور پوچھیں کہ کیا آپ ایسا کرنے کے لیے مدد چاہتے ہیں۔ آپ سے آپکی ذاتی معلومات پوچھی جائیگی، کہ آپ کے ساتھ کیا بیتی ہے اور آپ کے یوکے میں اور/یا اس کے آس پاس کے سفر کا حساب۔ پہلے جواب دہندگان انسانی اسمگلنگ اور جدید غلامی کے اشارے جاننے اور آپ کے دعوے کی سپورٹ میں معلومات لکھنے کے تربیت یافتہ ہیں۔

پہلے جواب دہندے کو چاہیئے کہ وہ سب کچھ آپکو واپس پڑھ کر سناوے، یہ یقینی بنانے کیلئے کہ یہ درست ہے، اور آپکو چاہیئے کہ اپنے ریکارڈز میں سے اسکی کاپی مانگیں۔ اس عمل کے جاری رہنے کے دوران ہو سکتا ہے آپ کو عارضی رہائش میں منتقل کیا جاۓ ، اور جب مناسب بنیادوں پر مبنی فیصلہ موصول ہوگا تو آپ کو اطلاع دی جائے گی کہ آیا آپ کو وہ رہائش چھوڑنے کی ضرورت ہوگی۔

پاس اضافی ثبوت ہوں تو آپ اپنے پہلے جواب دہندے سے اس فیصلے پر اپیل کرنے کے لیے بھی کہہ سکتے ہیں ۔اگر آپکو اس مرحلے پر منفی آر جی موصول ہو تو، غیر این آر ایم پر سیکشن دیکھیں، اگر اپنے دعوے کی حمایت میں آپ کے



# این آر ایم میں دیکھ بھال اور مدد کی آپشنز:
## آؤٹ ریچ سپورٹ یا رہائش اور مدد



اگر آپ کو NRM میں ایک مثبت معقول بنیادوں کا فیصلہ دیا گیا ہے، تو ماہر ایجنسیاں آپ کو مدد کی پیشکش کر سکتی ہیں۔ وکٹم کیئر کنٹریکٹر (وی سی سی) آپ کو کسی امدادی تنظیم کے پاس بھیج سکتا ہے جو درج ذیل تک رسائی میں آپ کی مدد کرے گا:




اگر آپ بے سہارا ہیں اور آپ کو رہائش کا کوئی حق نہیں ہے، یا جہاں آپ فی الحال رہتے ہیں وہاں رہنا آپ کے لیے محفوظ نہیں ہے، تو آپ عارضی محفوظ رہائش تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کے پاس پہلے سے ہی رہنے کے لیے کوئی محفوظ جگہ ہے، رہائش کا حق ہے یا کسی محفوظ رہائش میں قبول نہیں کیئے گئے، تو ماہر امدادی ایجنسیاں آپ کو آؤٹ ریچ سپورٹ کی پیشکش کر سکتی ہیں۔ آپکے ساتھ اسپیشلسٹ لوکل تنظیم سے ایک کیس ورکر تعینات کیا جائیگا جو آپ سے ملیگا اور اوپر والی فہرست شدہ سپورٹ کی پیشکش کریگا۔

پانچ دن

پنتالیس دن (کم از کم)

این آر ایم ریفرل جمع کرانا (بھیجنا)

پہلا فیصلہ 'معقول بنیادیں' [وجوہات]

حتمی فیصلہ 'کنکلوسیو بنیادیں' [وجوہات]

# اگر آپ کو ایک مثبت 'کنکلوسیو بنیادی' (CG) فیصلہ موصول ہوتا ہے

پنتالیس دن (کم از کم) پانچ دن

حتمی فیصلہ 'کنکلوسیو بنیادیں' [وجوہات]

پہلا فیصلہ 'معقول بنیادیں' [وجوہات]

این آر ایم ریفرل جمع کرانا (بھیجنا)

اگر آپ کو **ایک مثبت 'کنکلوسیو بنیادی'** (سی جی) فیصلہ موصول ہو تو یہ تصدیق کرتا ہے کہ گورنمنٹ مانتی ہے **کہ آپ جدید غلامی** کا شکار ہیں۔
آپکو سپورٹ فراہم کرنیوالا آپکے ساتھ ملکر آپکے لیئے ریکوری ضروریات کی ایک تشخیص مکمل کریگا۔ یہ تشخیص اس بات کو یقینی بنانے کیلئے ہے کہ آپ تب تک حمایت سے باہر نہ نکلیں جب تک آپ ریکوری کے ایک مناسب درجے پر نہی پہنچ جاتے اور بحفاظت کسی دوسری تنظیم کی حمایت میں منتقل ہو سکتے ہیں۔

**یہ کم از کم پنتالیس دن کی ایک اضافی سپورٹ ہوگی۔**


اگر آپ کو ایک منفی 'کنکلوسیو بنیادی' **(سی جی)** فیصلہ موصول ہو تو اسکا مطلب ہے کہ گورنمنٹ کو کافی تسلی بخش ثبوت نہی ملے جن سے معلوم ہو کہ آپ جدید غلامی کا شکار ہیں۔ سپورٹ تنظیم سے نکل جانے اور اگر آپ چاہیں تو دوسری سپورٹ تنظیموں تک رسائی حاصل کرنے کیلئے آپکی **9 دن مدد** کی جائیگی۔ کس قسم سپورٹ آپ لے سکتے ہیں کے بارے مزید معلومات کیلئے صفحہ کے دوسری طرف دیکھیں۔

قانونی مشورہ **مثبت معقول یا ایک کنکلوسیو بنیادی فیصلے کے پیش نظر**، چند اقسام تک کی فری لیگل اڈوائیس لینے کیلئے آپ لیگل ایڈ کے مستحق ہیں۔

حسب ضرورت، آپ اپنے امیگریشن کے آپشنز پر تبادلہ خیال کر سکتے ہیں اور لیگل اڈوائیس کے چند دوسرے شعبوں تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کی برطانیہ میں کوئی حیثیت نہیں ہے، تو آپکو اپنے امیگریشن کے آپشنز کے بارے سوچنا شروع کر دینا چاہیے۔

آپ کو ایسی معلومات اکٹھی کرنی چاہئیں جو آپکی ایک درخواست کو مکمل کرنے میں معاون ہو سکیں اور اپنے لیے موزوں ترین آپشن کے بارے لیگل ایڈ مانگیں۔





**اگر آپ اپنے کنکلوسیو بنیادوں پر مبنی فیصلے سے متفق نہیں ہیں اور سمجھتے ہیں** کہ آپ جدید غلامی کی تعریف پر پورا اترنے والے مرحلے سے گزرے ہیں، تو آپ اپنے سپورٹ فراہم کنندہ، قانونی نمائندے یا پہلے جواب دہندہ سے کہ سکتے ہیں کہ وہ آپ کو نظر ثانی کی درخواست جمع کرانے میں آپکی مدد کرے۔
آپ کوئی بھی انفارمیشن شامل کر سکتے ہیں، جو آپکے مطابق غائیب تھی جب آپکا دعوہ پر زیر غور لایا گیا تھا۔ نظر ثانی کے زیر غور کیئے جانے تک آپ اپنی سپورٹ میں رہینگے۔

# امیگریشن آپشنز اور لیگل اڈوائیس (قانونی مشورہ)

اگر آپکے پاس یوکے میں رہنے کا قانونی حق نہی ہے تو، آپکو اپنی امیگریشن آپشنز کے بارے سوچنا شروع کر دینا چاہیئے۔ آپ کو ایسی معلومات اکٹھی کرنی چاہئیں جو یوکے میں رہنے کیلئے آپکی ایک درخواست کو مکمل کرنے **میں معاون ہو سکیں، اگر** آپ ایسا کرنا چاہتے ہیں، اور اپنے لیے موزوں ترین آپشن کی لیگل ایڈوائس طلب کریں۔

شاید آپ لیگل مشورہ لینے کیلئے مالی تعاون کے **مستحق ہیں یا نہی، آپکو چاہیئے** کہ صرف تربیت یافتہ قانونی مشیروں سے مشورہ لیں، شاید وہ آپکو لیگل تعاون کی **آفر کر سکیں، پرو-بونو یا فری لیگل** مشاورتی مراکز آپکو چاہیئے کہ ہمیشہ پہلے ہی چیک کر لیں کہ **آیا آپکا قانونی مشیر سروس** کیلئے پیمنٹ چاہتا ہے۔

آپ مندرجہ ذیل سائیٹ پر وزٹ کر کے ایک امیگریشن مشیر تلاش کر سکتے ہیں؛'www.gov.uk'اور 'امیگریشن مشیر' کیلئے سرچ کریں۔ بصورت دیگر، آپ رابطہ کر سکتے ہیں:

OFFICE OF THE
IMMIGRATION SERVICES
COMMISSIONER

ٹیلی فون: 0845 000 0046
ویب سائٹ: www.oisc.gov.uk

کسی بھی غیر تربیت یافتہ یا غیر رجسٹرڈ شخص کیلئے آپکو مشورہ دینا غیر قانونی ہے **اور آپکے لیئے انکا مشورہ صحیح نہ ہونے** یا اپ ٹو ڈیٹ نہ ہونیکا خطرہ ہے۔
اگر آپ اپنے اصل وطن واپس جانا چاہتے ہیں، تو ہوم **آفس کی رضاکارانہ واپسی سروس آپ کی** گھر واپسی میں مدد کر سکتی ہے۔ آپ ان سے **0300 004 0202** پر رابطہ کر سکتے ہیں۔ ٹیم آپ کی واپسی اور آپ کو درکار تعاون پر تبادلہ خیال کرے گی۔ اگر ایسا کرنا آپکے لیئے محفوظ ہے، **تو آپ اپنی** ایمبیسی سے بھی مدد کیلئے رابطہ کر سکتے ہیں۔



## اگر آپ این آر ایم جمع نہی کرواتے یا آپکو منفی معقول (آر جی) یا کنکلوسیو بنیادوں پر مبنی (سی جی) فیصلہ موصول ہوتا ہے

جدید غلامی ایک نہایت مخصوص قسم کا جرم ہے منفی فیصلہ موصول ہونے **کا مطلب یہ نہی ہو** سکتا کہ جو آپکے ساتھ بیتی **اس پر یقین نہی کیا گیا، تاہم جو آپکے** ساتھ ہوا وہ جدید غلامی پر پورا اترنے کے معیار پر پورا نہی اتر سکا اور آپ دیگر قسم کی مدد حاصل کرنیکے حقدار ہو سکتے ہیں۔

اگر آپ کو بد سلوکی کا خطرہ ہے یا آپکی کیئر اور سپورٹ کی ضروریات ہیں تو، **آپ کیئر ایکٹ (2014) کے** ماتحت اپنی لوکل اتھارٹی سے مدد کے مستحق ہو سکتے ہیں۔

## هیلتھ کیئر کوئی بھی شخص جی پی پریکٹس کے

**ساتھ بطور این ایچ ایس مریض رجسٹر ہو سکتا ہے.**

کسی بھی بنیادی دیکھ بھال کے لیے کوئی چارج نہیں ہے (جیسے جی پی) یا ہنگامی طبی علاج۔ اگر آپ ایک عام رہائشی، پناہ کے طلبگار یا پناہ گزین ہیں یا حکومت کی طرف سے تسلیم شدہ جدید غلامی کا ممکنہ شکار ہیں تو آپ صحت کی دیکھ بھال کی فیس کی ادائیگی سے بھی مستثنیٰ ہیں۔

کچھ **این ایچ ایس** میڈیکل کیئر مفت نہیں ہوگی اور کچھ طبی علاج جاری ہونے سے پہلے آپ سے ادائیگی کا کہا جا سکتا ہے - اگر آپ مطمعن نہیں تو آپ کو کسی طبی پیشہ ور سے اپنے استحقاق کے متعلق کوئی بھی سوالات پوچھنے چاہیئں۔ اگر انہیں آپ کی حیثیت کے بارے میں غیر یقینی ہے تو این ایچ ایس ہوم آفس سے آپ کی امیگریشن حیثیت چیک کر سکتی ہے ، اگر ایسا ہوتا ہے تو انہیں آپکو بتانا چاہیئے اور اس عمل کے بارے آپکو معلومات دے سکتے ہیں۔





رہائش تک رسائی **اگر آپ** یو کے میں عام طور پر مقیم ہیں یا آپ کے پاس رہنے کیلئے کسی مخصوص قسم کی اجازت ہے، تو آپ کو برطانیہ میں رہائش کا حق حاصل ہو سکتا ہے اور اس میں ھوملیسنس خدمات شامل ہیں۔

اگر آپ کی برطانیہ میں کوئی حیثیت نہیں ہے، **تو ہو سکتا ہے آپکو رہائش کا حق حاصل نہ ہو اور آپکو رہائش تک رسائی حاصل کرنے میں دشواری کا سامنا ہو۔** آپ کو مشورہ کے لیے اپنی مقامی ہاؤسنگ ٹیم سے رابطہ کرنا چاہیے۔

اپنے حقوق اور استحقاق کے بارے آپ سٹیزن **ایڈوائس بیورو یا کسی** قانونی نمائندے سے **مشورہ حاصل کر** سکتے ہیں۔

پ

ناہ کے طلبگار کیلئے سپورٹ **اگر آپ سیاسی پناہ کے** طلبگار ہیں یا سیاسی پناہ کا دعویٰ رائر کرنا چاہتے ہیں تو آپ نیشنل اسائلم سیکر سپورٹ (این اے ایس ایس) کے حقدار ہو سکتے ہیں، تفصیلات رابطہ کے لیے معلوماتی شیٹ دیکھیں۔

یہ مشورہ دیا جاتا ہے کہ آپ پناہ لینے کا دعویٰ دائر کرنے سے پہلے قانونی مشورہ حاصل کریں۔

فلاح و بہبود کے فوائد تک رسائی **اگر آپکی حیثیت بطور سیٹلڈ ہے،** رہنے کی اجازت کی ایک قسم ہے **جیسے کہ پناہ گزین کی حیثیت یا انسانی ہمدردی کا تحفظ،** یا یو کے میں رہنے کا حق، تو آپ گورنمنٹ ویلفیئر سپورٹ، یونیورسل کریڈٹ کے لیے درخواست دینے کے حقدار ہو سکتے ہیں۔

آپ سٹیزن ایڈوائس بیورو، حکومت کی ویب سائٹ یا قانونی معاونت فراہم کرنے والے سے مشورہ حاصل کر سکتے ہیں کہ آیا آپ فلاحی امداد کے لیے درخواست دینے کے قابل ہیں۔





سپورٹ معاون خدمات اور دیگر سروسز کی فہرست منسلک کی جاتی ہے جو آپکو آپکے رہائیشی علاقے میں معاونت کیلئے آپکی رہنمائی کرنے کے قابل ہو سکتی ہیں۔ اس میں فوڈ بینک اور بے گھر پناہ گاہیں شامل ہیں۔

# آپ کے نوٹس

supported by Wates Group